AEC
Australian Electoral Commission

Urdu/اردو

ٹھہریں اور سوچیں

فیڈرل الیکشن کے دوران ووٹنگ کے عمل کے متعلق بہت سی باتیں کہی اور لکھی جاتی ہیں۔ **ان میں سے کچھ باتیں جھوٹی یا گمراہ کن ہو سکتی ہیں۔**

آپ ووٹنگ کے عمل کے متعلق جو کچھ دیکھیں، سنیں یا پڑھیں، ذرا ٹھہر کر اس مواد اور اس کے ماخذ پر غور کریں۔

مصنوعی ذہانت سے بنائی گئی تحریروں، تصویروں، وڈیوز اور آڈیوز سے آپ کو اس بارے میں دھوکا دینے کی کوشش کی جا سکتی ہے کہ ووٹ کہاں دیا جائے، بیلیٹ پیپرز کیسے مکمل کیے جائیں یا غلط طور پر باور کرایا جا سکتا ہے کہ ووٹنگ قابل اعتبار کیوں نہیں ہے۔ **کوئی بھی شخص اس سے متاثر ہو سکتا ہے۔**

صحتمندانہ شک رکھیں۔ چاہیں تو ان باتوں کو چیک کریں یا نظر انداز کر دیں لیکن انہیں شیئر یا آگے پوسٹ نہ کریں۔ آپ نے جس جگہ یہ باتیں دیکھی ہوں، آپ اس جگہ کو بھی ان کی رپورٹ کر سکتے ہیں۔
اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو بھی یہی کرنے کو کہیں۔

آسٹریلیا کا انتخابات کا نظام دنیا بھر کے سب سے قابل اعتبار نظاموں میں شامل ہے۔ یہ نظام ووٹروں کا اپنا نظام ہے اور اس کے تحفظ کی ذمہ داری ہم سب پر ہے۔

جو کچھ ہمیں نصیب ہے، اسے داؤ پر نہ لگائیں۔

مواد کو چیک کریں

ان چیزوں پر نظر رکھیں:

- شاک، غصے یا جوش جیسے شدید جذبات ابھارنے والے الفاظ کا استعمال
- انتخاب کے سب مواقع پیش کرنے کی بجائے بہت کم مواقع پیش کیے جا رہے ہوں
- کسی مخصوص گروپ یا شخص کو الزام دیا جا رہا ہو جبکہ وہ اکیلا ذمہ دار نہ ہو۔
- دلیل سے بات کرنے کی بجائے کسی شخص پر حملہ کیا جا رہا ہو۔

ماخذ چیک کریں

خود سے پوچھیں:

- یہ معلومات کہاں سے آئی ہیں؟ کیا یہ کسی قابل اعتبار ماخذ سے ہیں؟
- کیا یہ آسٹریلیا سے ہیں یا سمندر پار سے ہیں؟
- کیا یہ مصنوعی ذہانت کا کام ہو سکتا ہے؟ مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجی جھوٹی تحریریں، تصویریں، وڈیوز اور آڈیوز بنانا بہت آسان کر چکی ہے۔
- یہ معلومات کیوں شائع کی گئی تھیں؟ کیا یہ ہو سکتا ہے کہ کوئی کسی مقصد سے آپ کو جھوٹی باتوں کا قائل کرنے کی کوشش کر رہا ہو؟

ہماری ویب سائیٹ دیکھیں

درست معلومات حاصل کریں:

- کب ووٹ دیا جائے
- ووٹ کیسے گنے جاتے ہیں
- نتیجے کا فیصلہ کیسے کیا جاتا ہے
- AEC ووٹروں کو کیسے محفوظ رکھتا ہے۔

براہ راست ہم سے معلومات لینے کے لیے ہمیں فالو کریں

13 23 26 **aec.gov.au**

الیکٹورل کمیشنر، کینبرا کی اجازت سے
Authorised by the Electoral Commissioner, Canberra

25-2108